
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 23 جولائی 2025

## پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت (69% ) نے پاکستان کو اپنا پسندیدہ ملک قرار دے کرقومی فخر کا بھرپور اظہار کیا۔ اس کے بعد سعودی عرب دوسر ا سب سے زیادہ پسندیدہ ملک ہے(15% )، جو کہ گہرے مذہبی اور ثقافتی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے ۔

اس کے برعکس، صرف 1% جوابدہندگان نے مغربی ممالک جیسے کہ امریکہ اور برطانیہ میں سے ہر ایک کو پسند یدہ ملک قرار دیا ، جو ان کے لیے کم ترجیح کو ظاہر کرتا ہے۔




کوئی نہیں :4%

دیگر جوابات :5%

معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا :1%



برائے مہربانی مندرجہ ذیل کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ ملک کون سا ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**سماجی رویے**

ذاتی ترجیحات

پسندیدہ ملک

**پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت (69%) نے پاکستان کو اپنا پسندیدہ ملک قرار دے کر قومی فخر کا بھرپور اظہار کیا۔اس کے بعد سعودی عرب پاکستانیوں کا دوسرا سب سے زیادہ پسندیدہ ملک ہے (15%)، جو کہ گہرے مذہبی اور ثقافتی تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔اس کے برعکس، صرف 1% جواب دہندگان نے مغربی ممالک جیسے کہ امریکہ اور برطانیہ میں سے ہر ایک کو اپنا پسندیدہ ملک قرار دیا، جو کہ کم ترجیح کو ظاہر کرتا ہے۔**

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 23 جولائی 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی ایک بھاری اکثریت (69%) نے پاکستان کو اپنا پسندیدہ ملک قرار دیا۔ قوم پر فخر کے اس مضبوط اظہار نے پاکستان کو عوامی جذبات کے لحاظ سے باقی سب ملکوں سے بہت آگے کر دیا ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی مندرجہ ذیل کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ ملک کون سا ہے؟**"۔اس سوال کے جواب میں 69% جواب دہندگان کے مطابق اُن کا پسندیدہ ملک "پاکستان" ہے، 15% جواب دہندگان کے مطابق "سعودی عرب"، 3% جواب دہندگان کے مطابق "دبئی"، 1% جواب دہندگان کے مطابق "امریکہ"، اور 1% جواب دہندگان کے مطابق اُن کا پسندیدہ ملک "برطانیہ" ہے ، جبکہ 8% جواب دہندگان کے مطابق اُنہیں تمام ممالک پسند ہیں، جبکہ 4% جواب دہندگان نے کسی بھی ملک کو پسند نہ کرنے کا بتایا، جبکہ 5% جواب دہندگان نے اس حوالے سے دیگر جوابات دیئے، تاہم 1% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ نتائج پاکستانیوں میں اپنے ملک سے گہرا تعلق / لگاؤ ہونے اور قومی شناخت پر فخر محسوس کرنے کے حوالے سے مضبوط جذبات کی عکاسی کرتے ہیں۔ جبکہ سعودی عرب جیسے ممالک کی پسندیدگی میں مذہبی وابستگی کا عنصر نمایاں ہے۔

**"برائے مہربانی مندرجہ ذیل کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ ملک کون سا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 779 خواتین اور مرد حضرات سے 7th مارچ تا 22nd مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

## Wednesday, 23rd July 2025

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)